## سوال

(44)بیماری کی وجہ سے روزہ نہ رکھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہندہ جوعرصہ مرض دق میں بتلارہی رمضان شریف کازمانہ آیا تواس نے بمشکل تمام روزہ رکھا جس سے یہ معلوم ہوکہ وہ کسی طرح روزہ نہیں رکھ سکتی اس لئے بقیہ ایام رمضان میں اس نے افطار کیا اور مرض روزبروز بڑھتا گیا حتی کہ اوائل صفر میں ہے یا نہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مریضہ کے روزے جوچھوٹ گئے ہیں اس کے عوض میں اولیا کورزہ یافدیہ دینا ضروری نہیں ہے ۔ وَمَن كَانَ مَرِيضًا أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ (سورة البقره :185)

یعنی مریض پر رمضان کا روزہ ضروری نہیں ہے ۔ بلکہ جب مریض مرض سے اچھا ہوجائے توقضا واجب ہے (ہدایہ 1/401) , واذمات المریض او المسافر وہما علی حالہما لم یلزمہما القضاء لانہما لم یدرکا من ایام آخرالخ عون المعبود 7/36 میں ہے : واتفق اہل العلم علی أنہ إذا أفطر فی المرض والسفر ثم لم یفرط فی القضاء حتی مات فانہ لاشئی علیہ والایجب الاطعام عنہ منہاج الطالبین للنووي میں ہے من فاتہ شئی من رمضان فمات قبل امکان القضاء فلاتدارک علیہ ولااثم شرح منہاج 1/437 میں ہے فلابالفدیہ والابالقضاء الخ

چوں کے مریضہ نے زمانہ صحت یاقدرت علے الصیام نہیں پایا لہذا اس کے ذمہ قضا واجب نہیں ہوئی خود مریضہ پر واجب نہیں تو دوسروں پر کیسے واجب ہوگی؟ ملاحظہ ہو الراج الوہاج شرح مسلم 1/325 ونووی شرح مسلم 8/31 وسنن کبری بیہقی 4/252 وسنن ابن ماجہ وکتاب الام اللشافعی 4/285 اور الشرح الکبیر علی متن المقنع (1/81) میں ہے

مَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ صِيَامٌ مِنْ رَمَضَانَ ، لَمْ يَخْلُ مِنْ حَالَيْنِ ؛ أَحَدُهُمَا ، أَنْ يَمُوتَ قَبْلَ إمْكَانِ الصِّيَامِ ، إمَّا لِضِيقِ الْوَقْتِ ، أَوْ لِعُذْرٍ مِنْ مَرَضٍ أَوْ سَفَرٍ ، أَوْ عَجْزٍ عَنْ الصَّوْمِ ، فَهَذَا لَا شَيْءَ عَلَيْهِ فِي قَوْلِ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ ، وَحُكِيَ عَنْ طَاوُسٍ وَقَتَادَةَ أَنَّهُمَا قَالَا : يَجِبُ الْإِطْعَامُ عَنْهُ ؛ لِأَنَّهُ صَوْمٌ وَاجِبٌ سَقَطَ بِالْعَجْزِ عَنْهُ ، فَوَجَبَ الْإِطْعَامُ عَنْ ، كَالشَّيْخِ الْهَرِمِ إذَا تَرَكَ الصِّيَامَ ، لِعَجْزِهِ عَنْهُ

وَلَنَا أَنَّهُ حَقٌّ لِلَّهِ تَعَالَى وَجَبَ بِالشَّرْعِ ، مَاتَ مَنْ يَجِبُ عَلَيْهِ قَبْلَ إمْكَانِ فِعْلِهِ ، فَسَقَطَ إلَى غَيْرِ بَدَلٍ ، كَالْحَجِّ وَيُفَارِقُ الشَّيْخَ الْهَرِمَ ؛ فَإِنَّهُ يَجُوزُ ابْتِدَاءُ الْوُجُوبِ عَلَيْهِ ، بِخِلَافِ الْمَيِّتِ

انتہی وہکذا فی المغنی علی مختصر الخرقی لموفق الدین ابن قدامہ (4/398) وقال الخطابی فی معالم االسنن (3/380)

واتفق عامة أہل العلم علی أنہ إذا أفطر فی المرض أو السفر ثم لم یفرط فی القضاء حتی مات فإنہ لاشی ء علیہ ولایجب الإطعام عنہ غیر قتادة فإنہ قال یطعم وقال فی شرح حدیث عائشہ : من مات

وعليه صيام صام عنه وليه قلت : ہذا فمن فيمن لزمه فرض الصوم أمانذروأما عن رمضان فات مثل ان يكون مسافر فيقدم وأمكنه القضاء ففرط فيه حتى مات أويكون مريضا فيبرا ولايقضى انتهى والله اعلم

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 2۔ کتاب الصیام

صفحہ نمبر 142

محدث فتویٰ